# سندھ آرڈیننس نمبرIII مجریہ ۱۹۸۰
# SINDH ORDINANCE NO.III OF 1980
# سندھ فشریز آرڈیننس، ۱۹۸۰
# THE SINDH FISHERIES ORDINANCE, 1980
## فہرست (CONTENTS)


تمہید (Preamble)

۱۔ مختصر عنوان اور شروعات

Short Title and commencement

۲۔ تعریف

Definitions

۳۔ لیز کا اختیار یا مچھلی کے شکار اور مچھلی کے کاروبار کے لیئے لائسنس جاری کرنا

Power of lease or issue of licenses for fishing and fish trade

۴۔ نیٹ، فکسڈ انجن، جال وغیرہ پرمٹ یا لائسنس کے علاوہ نہیں ڈالے جائیں گے

Net, fixed engine, traps, etc. shall not be employed without a permit or license

۵۔ مچھلی نہیں اٹھائی جائے گی

Fish not be taken

۶۔ کچھ پانیوں کو مچھلی کے لیئے پناہ گاہ قرار دینا

Power to declare any water to be a sanctuary for fish

۷۔ مچھلی یا آبی زندگی کی تباہی

Destruction of fish or aquatic life

۸۔ فلوئنس فضلہ یا سیوریج کی فیکٹری کا اخراج

Discharge of factory of fluence, waste or sewerage

۹۔ مچھلی کی مارکیٹنگ

Marketing of fish

۱۰۔ فش ہاربر کی مارکیٹنگ

Marketing of fish harbor

۱۱۔ پروسیسنگ

Processing

۱۲۔ لائسنس کے علاوہ فشنگ کرافٹ کا استعمال منع ہے

Use of fishing craft without license prohibited

۱۳۔ فشریز کے انسپیکٹرز کی تقرری

Appointment of Inspectors of fisheries

۱۴۔ محکمہ فشریز کے ملازمین کی طرف سے پیداوار لائسنس یا پرمٹ آن ڈیمانڈ پر ڈیوٹی

Duty to produce license or permit on demand made by employees of fisheries department

۱۵۔ فشری عملدار کی طرف سے جانچ پڑتال

Inspection by fisheries officer

۱۶۔ گرفتار، ضبط اور اخراج کرنے کا اختیار

Power of arrest, seizure and disposal

۱۷۔ سرچ وارنٹ جاری کرنے کا مجسٹریٹ کا اختیار

Powers of Magistrate to issue search warrant

۱۸۔ پولیس کی مدد

Police assistance

۱۹۔ افراد جو شکایت داخل کرسکتے ہیں

Persons who may lodge complaint

۲۰۔ کسی جال، پنجرے کو قبضہ میں لینا

Confiscation of any net trap, cage, etc

۲۱۔ جرمانہ

Penalty

۲۲۔مالک وغیرہ کی ذمیداری

Liability of the owner etc

۲۳۔معاوضہ

Indemnity

۲۴۔اختیارات کی منتقلی

Delegation of powers

۲۵۔پہلے شیڈول میں شامل کرنے یا نکالنے کا حکومت کا اختیار

Power of Government to add or exclude from first schedule

۲۶۔کچھ جرائم روکنے کا اختیار

Power to compound certain offences

۲۷۔ قواعد بنانے کا اختیار

Power to make rules

۲۸۔ منسوخی اور محفوظ کرنا

Repeal and saving

# سندھ آرڈیننس نمبر III مجریہ ۱۹۸۰
# SINDH ORDINANCE NO.III OF 1980
# سندھ فشریز آرڈیننس، ۱۹۸۰
# THE SINDH FISHERIES ORDINANCE, 1980

[۲۴ جنوری ۱۹۸۰]

آرڈیننس جس کے ذریعے صوبہ سندھ میں فشریز سے متعلقہ قوانین میں ترمیم کی اور مضبوط بنایا جائے گا۔

تمہید (Preamble)

جیسا کہ صوبہ سندھ میں فشریز سے متعلقہ قوانین میں ترمیم کرنا اور مضبوط بنانا مقصود ہے؛

اب اس لیئے، ۵ جولائی ۱۹۷۷ والے اعلان جس کو ۱۹۷۷ والے قوانین (نافذ ہونے والا تسلسل) والے حکم، ۱۹۷۷ کے ساتھ ملا کر پڑھا جائے، اس کی روشنی میں سندھ کے گورنر نے مندرجہ ذیل آرڈیننس بنا کر نافذ کرنا فرمایا ہے:

مختصر عنوان اور شروعات Short Title and commencement

۱۔(۱) اس آرڈیننس کو سندھ فشریز آرڈیننس، ۱۹۸۰ کہا جائے گا۔

(۲) یہ فی الفور نافذ ہو گا۔

تعریف Definitions

۲۔ اس آرڈیننس میں، جب تک کچھ مضمون اور مفہوم کے متضاد نہ ہو، تب تک:

(a) "کلیکشن سنٹر" سے مراد وہ جگہ جہاں مچھلی شکار کرنے کے پانیوں میں سے شکار کے لیئے مچھلی لی جاتی ہے؛

(b) "ڈائریکٹر" سے مراد ڈائریکٹر آف فشریز، سندھ اور جس میں شامل ہے ایسے ڈائریکٹر کے اختیارات استعمال کرنے کے لیئے حکومت کی طرف سے با اختیار بنایا

گیا کوئی دوسرا عملدار؛

(c)"مچھلی" سے مراد سارے اقسام کی مچھلی اور جس میں شامل ہے مولسز کرسٹیسز اور کیلپ مچھلی؛

(d)"مچھلی شکار کرنا" سے مراد کسی بھی مقصد کے لیئے مچھلی اٹھانا یا پکڑنا؛

(e)"فشنگ کرافٹ" جس میں شامل ہے کوئی چھوٹی کشتی جو کسی بھی طریقے چلائی جاتی ہو اور مچھلی اٹھانا یا جمع کرنے کے لیئے استعمال کیا جاتا ہے؛

(f)"فشنگ گیئر" جس میں شامل ہے ہر اوزار جو مچھلی شکار کرنے کے لیئے استعمال کیا جاتا ہے؛

(g)"فکسڈ انجن" سے مراد کوئی نیٹ، جال، یا دوسری کوئی رکاوٹ جو دریا، ندی، کینال، پانی کے چینل میں لگائی جاتی ہو، بشمول مچھلی شکار کرنے کے لیئے کھائیوں کے؛

(h)"حکومت" سے مراد حکومت سندھ؛

(i)"لیز" سے مراد اس آرڈیننس یا اس کے تحت تشکیل دیئے گئے قواعد کے تحت دی گئی لیز؛

(j)"انسپیکٹر" سے مراد اس آرڈیننس کے تحت مقرر کردہ فشریز کا انسپیکٹر؛

(k)"لائسنس" مطلب اس آرڈیننس یا اس کے تحت تشکیل دیئے گئے قواعد کے تحت دیا گیا لائسنس؛

(l)"مارکیٹ" سے مراد وہ جگہ جہاں مچھلی نیلامی کے ذریعے یا دیگر صورت میں کمرشل یا اسکیل پر فروخت کی جاتی ہے؛

(m)"مارکیٹنگ" سے مراد کمرشل مقاصد یا مچھلی کی فروخت کے لیئے کسی بھی طریقہ ہینڈلنگ، ٹرانسپورٹنگ اور جمع کرنا؛

(n)"پرمٹ" سے مراد اس آرڈیننس یا اس کے تحت تشکیل دیئے گئے قواعد کے

تحت دی گئی پرمٹ؛

(o)"بیان کردہ" سے مراد اس آرڈیننس کے تحت تشکیل دیئے گئے قواعد کے تحت بیان کردہ؛

(p)"نجی پانی" سے مراد کوئی پانی جو کسی شخص کی ملکیت ہے، یا جن پر وقتی طور پر کسی شخص کا مچھلی شکار کرنے کا حق ہے؛

(q)"پروسیسنگ" سے مراد کاٹنا اور ڈریسنگ جمانا، کیننگ، کیورنگ یا کسی بھی طریقے مچھلی کی فش میل میں منتقلی؛

(r)"عوامی پانی" سے مراد نجی پانی کے علاوہ دوسرا کوئی پانی اور جس میں شامل ہیں علاقائی پانی۔

۳۔(۱) حکومت عام یا خاص حکم کے ذریعے، کسی بھی عوامی پانیوں میں مچھلی شکار کرنے کے لیئے لائسنس یا لیز دے سکتی ہے اور ایسی فیس پر جیسے بیان کیا گیا ہو۔

لیز کا اختیار جا مچھلی کے شکار اور مچھلی کے واپار کے لیئے لائسنس جاری کرنا

Power of lease or issue of licenses for fishing and fish trade

(۲) جہاں ذیلی دفعہ (۱) کے تحت لیز جاری کی گئی ہو لیز رکھنے والا لیز لیئے گئے پانیوں میں مچھلی اور شکار کرنے کے لیئے اجازت نامہ جاری کر سکتے ہیں، اس طرح اور ایسی شرائط پر اور ایسی فیس کی ادائگی پر، جیسا بیان کیا گیا ہو۔

بشرطیکہ اس ذیلی دفعہ کے تحت جاری کردہ اجازت نامہ لیز ختم ہونے یا رد ہونے پر کارگر نہیں رہے گا۔

نیٹ، فکسڈ انجن، جال وغیرہ پرمٹ یا لائسنس کے علاوہ نہیں ڈالے جائیں گے

Net, fixed

۴۔ کوئی بھی جال، پنجرہ، فکسڈ انجن یا کوئی دیگر رکاوٹ عوامی پانی میں فرسٹ شیڈول کے دوسرے کالم میں بیان کردہ مچھلی کی کوئی بھی جنس پھانسنے یا پکڑنے کے لیئے استعمال کیئے یا لگائے نہیں جائیں گے، ماسوائے اس سلسلہ میں ایسی جنسوں کے لیئے چوتھے کالم میں بیان کردہ عرصہ کے دوران اور اتھارٹی کی طرف جاری کیئے گئے لائسنس کے تحت ایسی شرائط اور ایسی فیس کی ادائگی پر، جیسے بیان کیا گیا ہو۔

engine, traps, etc. shall not be employed without a permit or license

۵۔ کوئی بھی شخص پہلے شیڈول کے دوسرے کالم میں اس سلسلہ میں تیسرے کالم میں بیان کردہ سائز سے کم مچھلی کے کسی بھی قسم کو نہیں شکار کرے گا، نہ پھانسے گا یا پروسیس نہیں کرے گا۔

مچھلی نہیں اٹھائی جائے گی

Fish not be taken

۶۔ حکومت نوٹیفکیشن کے ذریعے کسی بھی عوامی پانی کو بیان کردہ طریقہ کے تحت پہلے شیڈول کے تحت ماہی گیروں کے لیئے محفوظ قرار دے سکتی ہے ایسے عرصہ کے لیئے جیسے نوٹیفکیشن میں بیان کیا گیا ہو اور ایسے پانی میں سے کوئی بھی مچھلی شکار کی، پھنسائی یا قبضہ میں نہ لی جائے گی مذکورہ عرصہ کے دوران ماسوائے ڈائریکٹر کی طرف سے خاص اجازت نامہ جاری ہونے کی ایسی فیس پر، جیسے بیان کیا گیا ہو۔

کچھ پانیوں کو مچھلی کے لیئے پناہ گاہ قرار دینا

Power to declare any waters to be a sanctuary for fish

۷۔ کوئی بھی شخص ڈائنامائٹ استعمال کرے گا یا دھماکیدار مواد یا کوئی زہر، چونا یا زھریلا مواد پانی میں مچھلی پھانسنے یا آبی زندگی کو نقصان پہچانے کے مقصد کے لیئے استعمال نہیں کرے گا۔

مچھلی یا آبی زندگی کی تباہی

Destruction of fish or aquatic life

۸۔ کسی فیکٹری کا گند یا کچرہ یا سیور یج، جب تک مچھلی یا دوسری آبی زندگی کے لیئے بے ضرر نہیں بنایا جائے ڈائریکٹر کو مطمئن کرنے تک کسی پانی میں خارج نہین کیا جائے گا۔

فلوئنس، ویسٹ یا سیوریج

کی فیکٹری کی ڈسچارج
Discharge of factory of fluence, waste or sewerage

مچھلی کی مارکیٹنگ
Marketing of fish

۹۔(۱) فروخت کے لیئے پھنسائی گئی مچھلی لی جائے گی اور ایسی مارکیٹ یا کلیکشن سینٹر پر فروخت کی جائے گی اور ایسے شرائط اور ضوابط کے تحت جیسے بیان کیا گیا ہو۔

(۲) کوئی بھی مچھلی کا بیوپاری بیان کردہ مارکیٹ یا کلیکشن سینٹر پر ایسی اتھارٹی کی طرف سے جاری کردہ لائسنس اور ایسی فیس کی ادائگی کے علاوہ، جیسے بیان کیا گیا ہو، مچھلی خرید نہیں کرے گا۔

فش ہاربر کی مارکیٹنگ
Marketing of fish harbor

۱۰۔ فش ہاربر پر مچھلی کی مارکیٹنگ اور دیگر خدمات بشمول اس سلسلے میں متعلقہ فیس کی اس طرح اور ایسی شرائط و ضوابط کے تحت انتظام کیا اور سنبھالا جائے گا جیسے بیان کیا گیا ہو۔

پروسیسنگ
Processing

۱۱۔ کوئی بھی فیکٹری یا احاطہ مچھلی کی پروسیسنگ اور علاج کے لیئے ایسی اتھارٹی کی طرف سے لائسنس کے علاوہ نہیں بنایا جائے گا اور ایسی شرائط و ضوابط کے تحت جیسے بیان کیا گیا ہو۔

لائسنس کے علاوہ فشنگ کرافٹ کا استعمال منع ہے
Use of fishing craft without license prohibited

۱۲۔ کوئی بھی شخص مچھلی پکڑنے کے مقصد، اسپورٹ فشنگ کے لیئے فشنگ کرافٹ لائسنس کے علاوہ استعمال نہیں کرے گا، جو ایسی اتھارٹی کی طرف سے جاری کیا جائے گا اور ایسے شرائط و ضوابط کے تحت جیسے بیان کیا گیا ہو۔

وضاحت: اس دفعہ میں "اسپورٹ فشنگ" سے مراد ریڈ اینڈ لائن کی طرف سے تفریح کے مقاصد کے لیئے ماہی گیری اور جو کمرشل یا پیسے کمانے کے مقاصد کے لیئے نہ ہو۔

۱۳۔ حکومت نوٹیفکیشن کے ذریعے ایسے افراد مقرر کر سکتی ہے، جو وہ فشریز کی انسپیکٹرز کے طور پر موزوں سمجھے، ایسی مقامی حدود کے لیئے، جیسے وہ نوٹیفکیشن میں

بیان کی گئی ہوں۔

فشریز کے انسپیکٹرز کی تقرری

Appointment of Inspectors of fisheries

محکمہ فشریز کے ملازمین کی طرف سے پیداوار لائسنس یا پرمٹ آن ڈیمانڈ پر ڈیوٹی

Duty to produce license or permit on demand made by employees of fisheries department

۱۴۔ ہر شخص انسپیکٹر کے مطالبے پر یا اس سلسلے میں ڈائریکٹر کی طرف سے بااختیار بنائے گئے کسی شخص کے مطالبے پر اپنے قبضہ میں رکھا لائسنس یا اجازت نامہ انسپیکٹر یا ایسے شخص کو پیش کر سکتا ہے۔

فشری عملدار کی طرف سے جانچ پڑتال

Inspection by fisheries officer

۱۵۔ انسپیکٹر خود کو مطمئن کرنے کے لیئے مجسٹریٹ سے وارنٹ کے علاوہ کسی شخص، جھونپڑی، گاڑی، جہاز، کشتی، کرافٹ، پیکج، گندگی، کورڈ چیز، پروسیسنگ فیکٹری، کیورنگ یارڈ، مچھلی مارکیٹ یا کلیکشن سینٹر کی جانچ کر سکتا ہے کہ کہیں اس آرڈیننس کے تحت کوئی جرم تو نہیں ہو رہا۔

گرفتار، ضبط اور نیکال کرنے کا اختیار

Power of arrest, seizure and disposal

۱۶۔(۱) اگر انسپیکٹر کو یہ ماننے کا سبب ہے کہ کوئی فشنگ کرافٹ اور فشنگ گیئر مچھلی شکار کرنے یا مارکیٹنگ کے لیئے استعمال ہوا جو اس آرڈیننس کی کسی گنجائش یا اس سلسل میں تشکیل دیئے گئے قواعد کی خلاف ورزی ہے تو وہ بنا وارنٹ کشتی کے مالک یا فرد یا انچارج افراد یا جن کے قبضہ میں مچھلی ہے، ان کو گرفتار کر سکتا ہے۔

(۲) انسپیکٹر یا اس سلسلے میں بااختیار بنایا گیا دوسرا کوئی شخص کوئی بھی مچھلی، فشنگ کرافٹ، یا استعمال کردہ فشنگ گیئر یا اس آرڈیننس کی کسی گنجائش کی خلاف ورزی

میں استعمال ہونے کے شک ہونے پر ضبط کر سکتا ہے۔

(۳) کوئی مچھلی، فش کرافٹ یافشنگ گیئر جو ذیلی دفعہ (۲) کے تحت ضبط کی گئی ہو وہ کورٹ کے فیصلہ کے تحت نیکال کی جائے گی؛ بشر طیکہ اگر مچھلی ضایع کرانے کے لیئے ہے، وہ کی جائے گی، جب تک اس کو محفوظ نہ بنایا جائے یا بنا تاخیر پروسیس نہ کیا جائے، انسپیکٹر یا اس کی طرف سے بااختیار بنائے گئے شخص کی طرف سے فروخت کی جائے گی اور سیل پروسیڈز اس ذیلی دفعہ کے مقصد کے لیئے ضبط کی گئی جائیداد کے طور پر لی جائے گی۔

سرچ وارنٹ جاری کرنے کا مجسٹریٹ کا اختیار
Powers of Magistrate to issue search warrant

۱۷۔ اگر فرسٹ کلاس کے مجسٹریٹ کو یہ سمجھنے کا سبب ہے کہ اس آرڈیننس کے تحت کوئی جرم ہو چکا ہے یا ہو رہا ہے، یا ہونے والا ہے، وہ کسی جگہ، جس میں مچھلی، جال، ٹریپ، پنجرہ یا دوسری کوئی رکاوٹ یا مچھلی پکڑنے یا پھانسنے کے لیئے فکسڈ انجن لگائی گئی ہے یا رکھنے یا چھپانے کا الزام ہے، اس کی تلاشی کا حکم دے سکتا ہے۔

پولیس کی مدد
Police assistance

۱۸۔ ایک پولیس آفیسر، اس ایکٹ یا آرڈیننس تحت بااختیار بنائے گئے شخص کی طرف سے درخواست پر ایسی مدد فراہم کر سکتا ہے، جو اس کی ذمیداریوں کے تحت ضروری ہو۔

افراد جو شکایت داخل کر سکتے ہیں
Persons who may lodge complaint

۱۹۔ کوئی بھی عدالت اس آرڈیننس کے تحت کسی جرم پر قدم نہیں اٹھائے گی ماسوائے انسپیکٹر کی طرف سے تحریری طور پر شکایت کرنے کے۔

۲۰۔ عدالت اس آرڈیننس کے تحت جرم میں آنے والے کسی جال، ٹریپ، پنجرے یا دوسری کسی رکاوٹ یا فکسڈ انجن کے قبضہ میں لینے کا حکم دے سکتی ہے۔

کسی جال، پنجرے کو قبضہ میں لینا
Confiscation of any net trap, cage, etc

جرمانہ
Penalty

۲۱۔(۱) جو بھی دفعہ ۴، ۵، ۷ یا ۸ کی کسی گنجائش کی خلاف ورزی کرتا ہے، اس کو قید کی سزا دی جائے گی، جو چھ ماہ تک بڑھ سکتی ہے یا جرمانہ جو دس ہزار روپے تک بڑھ سکتا ہے یا دونوں ساتھ۔

(۲) جو بھی دفعہ ۹، ۱۱، ۱۲ یا ۱۴ کی کسی گنجائش کی خلاف ورزی کرتا ہے اس کو جرمانہ کی سزا دی جائے گی جو دس ہزار روپے تک بڑھ سکتی ہے۔

(۳) جو بھی اس آرڈیننس کے تحت تشکیل دیئے گئے قواعد کی خلاف ورزی کرتا ہے اس پر ایسا جرمانہ لگایا جائے گا جیسے بیان کیا گیا ہو؛ بشرطیکہ ایسا جرمانہ نہ ادا کرنے پر، قید کی صورت میں ایک مہینہ بڑھ جائے گا، اور جرمانہ کی صورت میں ایک ہزار روپے بڑھ جائیں گے۔

(۴) کوئی عدالت جو کسی شخص کو ذیلی دفعہ (۱) کے تحت مجرم قرار دے رہی ہو، وہ کوئی پکڑی گئی یا اٹھائی گئی مچھلی، اور کوئی فشنگ کرافٹ یا مچھلی مارنے کے لیئے استعمال کردہ فشنگ گیئر جو اس آرڈیننس کی گنجائشوں یا قواعد کی خلاف ورزی کرتے ہوئے استعمال کیا جاتا ہو، اس کو حکومت کے حق میں ضبط کیا جائے گا۔

(۵) جہاں کوئی شخص اس آرڈیننس کی کسی گنجائش یا قواعد کی خلاف ورزی کر رہا ہو، کوئی کمپنی یا دوسری باڈی کارپوریٹ، ڈائریکٹر مینیجر، سیکریٹری یا دوسرا عملدار یا اس سلسلے میں ایجنٹ ہو، جب تک ثابت نہ کرے کے خلاف ورزی انجانے میں کی گئی ہے یا ایسی خلاف ورزی سے بچنے سے محتاجی ظاہر کرے، اس کو ایسی خلاف ورزی کا مجرم سمجھا جائے گا۔

(۶) جو بھی اس آرڈیننس کی کسی گنجائش یا قواعد کی خلاف ورزی کرتا ہے یا خلاف

ورزی ختم کرتا ہے، ایسی گنجائشوں کی خلاف ورزی سمجھا جائے گا۔

مالک وغیرہ کی ذمیداری
Liability of the owner etc

۲۲۔ کسی فشنگ کرافٹ یا پروسیسنگ فیکٹری یا فشنگ یارڈ کا مالک یا انچارج شخص جو اس آرڈیننس کی کسی گنجائش یا قواعد کی خلاف ورزی میں ملوث ہو، جس کے حوالے سے سمجھا جائے کہ اس نے ایسی خلاف ورزی کی ہے اور اس آرڈیننس کی گنجائشوں کی تحت سزا لائق ہو گا یا اس سلسلے میں تشکیل دیئے گئے قواعد کے تحت، جیسے معاملہ ہو، اگر اس کو خبر ہو یا ماننے کا کوئی سبب ہو کہ خلاف ورزی ہوئی ہے اور فشنگ کرافٹ یا پروسیسنگ فیکٹری ضبط کرنے لائق ہو گی۔

معاوضہ
Indemnity

۲۳۔ اس آرڈیننس یا اس سلسلے میں تشکیل دیئے گئے قواعد کے تحت اچھی نیت سے کیئے گئے کسی کام یا کچھ کرنے کے ارادے پر حکومت یا کسی فشریز کے عملدار کے خلاف کوئی مقدمہ یا قانونی کارروائی نہیں ہو گی۔

اختیارات کی منتقلی
Delegation of powers

۲۴۔ حکومت نوٹیفکیشن کے ذریعے، اس آرڈیننس کے تحت کسی عملدار یا اتھارٹی کو سونپے ہوئے سارے یا کوئی بھی اختیار کسی شخص کے حوالے کر سکتی ہے۔

پہلے شیڈول میں شامل کرنے یا نکالنے کا حکومت کا اختیار
Power of Government to add or exclude from first schedule

۲۵۔ حکومت نوٹیفکیشن کے ذریعے:

(i) پہلے شیڈول میں کوئی فش کی جنسیں ایسی شرائط کے تحت شامل کی اور نیکال کی جائیں گی، جیسے وہ ہر معاملہ میں عائد کرے؛

(ii) وقت تبدیل کرنا، جس دوران پہلے شیڈول میں مذکورہ کوئی مچھلی شکار کی یا پکڑی گئی ہو۔

۲۶۔ حکومت نوٹیفکیشن ذریعے، فشریز کے انسپیکٹر کو با اختیار بنا سکتی ہے:

(a) کسی شخص کی طرف سے جس کی گواہی غیر تکراری طور پر ثابت کرے کہ

کچھ جرائم روکنے کا اختیار
Power to compound certain offences

اس نے کوئی جرم اس طرح کیا ہے، جیسے دوسرے شیڈول کے پہلے کالم میں بیان کردہ ہے، ایک رقم جو اس شیڈول میں ایسے جرم کے سامنے بیان کردہ ہو اس سے زائد نہ ہو وہ قبول کرنا، ایسے جرم کے سلسلے میں جس کے لیئے ایسی گواہی جس سلسلے میں ہو، جرم کے لیئے کمپوزیشن کے طریقہ کار اور انسپیکٹر کو ایسی رقم کی ادائگی ایسے شخص کی طرف سے جو تحویل میں ہو، اس کو آزاد کیا جائے گا اور اس کے خلاف مزید کوئی بھی کارروائی نہیں کی جائے گی؛

(b)ضبط کردہ یا قبضہ میں لی گئی کوئی جائیداد چھوڑنا، ایسی ادائگی پر جس کی قیمت کا تخمینہ انسپیکٹر کی طرف سے لگایا گیا ہو اور اس سلسلے میں پھر کوئی بھی مزید کارروائی نہیں کی جائے گی۔

قواعد بنانے کا اختیار
Power to make rules

۲۷۔(۱) حکومت نوٹیفکیشن کے ذریعے اس آرڈیننس کی گنجائشوں کا موثر بنانے کے مقصد کے لیئے قواعد بنا سکتی ہے۔

(۲) خاص طور پر اور مندرجہ بالا اختیارات کو نقصان پہنچائے بغیر، ایسے قواعد مندرجہ ذیل سارے یا کچھ معاملات کے لیئے بیان کیئے جاسکتے ہیں، جیسا کہ:

(a)میشز کی ناپ:

(b) مچھلی کی سائیز اور تعداد جو کسی فشنگ گیئر کی طرف سے پکڑی گئی ہو کسی بھی وقت پروسیس کی جائے گی؛

(c) مچھلی شکار کرنے والی کشتیوں کے آپریشن کی مستقلی؛

(d)مارکیٹوں اور مچھلی کے کاروبار کا طریقہ کار اور فیس؛

(e)فش پروسیسنگ پلانٹس کی رجسٹریشن، اس سلسل میں آپریشن اور مینٹنس کا طریقہ اور شرائط؛

(f)طریقہ اور مقصد جس کے تحت ویسلز پر شرمپس، مچھلی اور شیل فش سنبھالی جائے گی؛

(g)ویسلز، مارکیٹوں اور فش پروسیسنگ پلانٹس کی جانچ پڑتال؛

(h)پروسیسنگ، مقامی استعمال یا بین الصوبائی کاروبار کے لیئے استعمال ہونے والی پروسیس شدہ یا غیر پروسیس شدہ مچھلی کے لیئے معیار کا سرٹیفکیٹ جاری کرنا؛

(i)ویسلز اور مچھلی پکڑنے پر رائلٹی اور دوسری حکومتی بقایاجات لگانا؛

(j) مچھلی اور شیل فش کے سارے اقسام اور سائیز کی قیمت طے کرنا اور نافذ کرنا؛

(k)صوبہ میں کسی بھی جگہ سے اٹھائی گئی، پکڑی گئی یا اتاری گئی مچھلی کے اتارنے اور مارکیٹنگ کی ریگیولیشن؛

(l)طریقہ اور شرائط و ضوابط جن کے تحت ایک لائسنس یا پرمٹ یا اسپیشل لائسنس یا اسپیشل پرمٹ جاری کیا جائے گا؛

(m)اتھارٹی جس کی طرف سے اس آرڈیننس کے تحت لائسنسز جاری کیئے جائیں گے؛

(n) کسی پلانٹ کی رجسٹریشن یا کوئی لائسنس یا پرمٹ یا اسپیشل لائسنس یا اسپیشل پرمٹ جاری کرنے کے لیئے وصول کی جانے والی فیس؛

(o)شرائط جن کے تحت ڈائریکٹر اس آرڈیننس کے تحت مچھلی پکڑنے کے حق کے لیئے لیز دے سکتا ہے؛

(p) مچھلی کے کسی نسل کی تعداد اور جنس، جو لائسنس کے تحت شکار کی یا پکڑی جائے گی؛

(q)اس شخص کو انعام جو اس آرڈیننس کے تحت جرائم کے ڈھونڈنے میں مدد فراہم کرے؛

(r)اس آرڈیننس کے تحت بازیاب کرائی گئی رسیدوں کا استعمال؛

(s)مندرجہ ذیل میں سے سارے یا کچھ معاملات کے لیئے ممانعت یا ریگیولیشن:

(i) فکسڈ انجن ہٹانا اور ان کا استعمال؛

(ii)پانیوں کی کنسٹر کشن؛اور

(iii)جال، پنجروں، ٹریپیں یا دوسرے مچھلی اٹھانے کے لیئے رکاوٹیں جو ڈائمنشن اور قسم، جو استعمال کیئے جائیں گے اور ان کے استعمال کے طریقے۔

منسوخی اور محفوظ کرنا
Repeal and saving

۲۸۔ سندھ فشریز آرڈیننس، ۱۹۶۱ کو منسوخ کیا جاتا ہے۔

## پہلا شیڈول

**(دفعات ۴ اور ۵)**

## مچھلی کے اقسام اور ممانعت

| عرصہ جس کے دوران کسی جال، پنجرے، ٹریپ یا فکسڈ انجن کے ذریعے مچھلی شکار کرنا منع ہے | سائیز | مچھلی کے اقسام | نمبر شمار |
|---|---|---|---|
| پہلی جون سے ۳۱ویں جولائی تک | ۱۲ انچز | روہو (لبیو روہیتا) | 1. |
| پہلی جون سے ۳۱ویں جولائی تک | ۱۲ انچز | موری (سریہینا مریگلا) | 2. |
| پہلی جون سے ۳۱ویں جولائی تک | ۱۲ انچز | تھیلا (کاٹلا کاٹلا) | 3. |
| پہلی جون سے ۳۱ویں جولائی تک | ۱۲ انچز | کلبسو (لبیو کلبسو) | 4. |

دوسرا شیڈول

(دفعہ ۲۶)

کچھ جرائم کی کمپوزیشن کے طریقہ کار کے تحت قابل قبول زیادہ سے زیادہ رقم

| زیادہ سے زیادہ رقم جو | جرائم کی تفصیل | نمبر |
|---|---|---|

| | | |
|---|---|---|
| | | کمپوزیشن کے طور پر قبول کی جائے گی |
| .1 | ایسے جال سے مچھلی شکار کرنا جس کا سوراخ بیان کردہ سوراخ سے چھوٹا ہو | ایک سو روپے، بشمول پکڑی گئی مچھلی کی قیمت کے |
| .2 | لائسنس کے علاوہ فشنگ | دو سو روپے بشمول پکڑی گئی مچھلی کی قیمت کے |
| .3 | بیان کردہ سائیز سے کم مچھلی شکار کرنا، یا بیان کردہ تعداد سے زائد یا اجازت دیئے گئے عرصہ سے دوسرے عرصہ کے دوران مچھلی شکار کرنا | ایک سو روپے بشمول پکڑی گئی مچھلی کی نیلامی کی قیمت کے |
| .4 | کسی گیئر سے مچھلی شکار کرنے یا قواعد کے تحت اجازت دیئے گئے طریقہ کار سے دوسرے طریقے سے مچھلی شکار کرنا | ایک سو روپے بشمول پکڑی گئی مچھلی کی قیمت کے |
| .5 | کسی ایک وقت یا دونوں میں سے دو سے زائد یا قواعد کے تحت اجازت دیئے گئے گیئرز میں سے کسی ایک کا استعمال | دو سو روپے بشمول پکڑی گئی مچھلی کی قیمت کے |
| .6 | لائسنس رکھنے والا مچھلی شکار کرنے کے دوران جال میں مدد کے لیئے لائسنس نہ رکھنے والوں کو ملازمت پر رکھے یا کام پر لگائے | ایک سو روپے بشمول پکڑی گئی مچھلی کی قیمت کے |
| .7 | اس آرڈیننس کی گنجائشوں سے ٹکراؤ میں کسی مچھلی کے فروخت یا خرید کے | دو سو روپے بشمول پکڑی گئی مچھلی کی قیمت کے |

| | | |
|---|---|---|
| | لیئے پیشکش کرنا یا پیش کرنا؛ | |

**نوٹ: آرڈیننس کا مذکورہ ترجمہ عام افراد کی واقفیت کے لیئے ہے، جسے کسی کورٹ میں استعمال نہیں کیا جاسکتا۔**